Urdu

Parent Waiver of Direct ESOL Services

راست ESOL خدمات سے والدین کی دست برداری

اس دستاویز پر دستخط کر کے میں سمجھتا/ سمجھتی ہوں کہ میرا بچہ / بچی ___________________،
درجہ ____نے اسکولی ضلع کے انگریزی کے علاوہ دیگر زبانیں بولنے والوں (ESOL) کے پروگرام کے ذریعہ انگریزی میں مدد کے لئے اہلیت حاصل کر لی ہے۔ یہ فیصلہ W-APT یا ایکسس فار ELLs® کے امتحان میں اس کی انگریزی میں پڑھنے، لکھنے، سننے اور بولنے کی مہارتوں کے جائزے پر مبنی تھا۔ میرے بچہ / بچی کا اسکور ظاہر کرتا ہے کہ وہ زبان سے متعلق اضافی مدد سے مستفید ہوگا/ ہوگی تاکہ وہ بہتر طور پر نصاب کو سمجھ سکے اور اپنے اسکول کا کام کر سکے۔ میں سمجھتا / سمجھتی ہوں کہ اس فارم پر دستخط کر کے میں راست ESOL معاونتی خدمات سے انکار کر رہا / رہی ہوں جس کی اسکول نے میرے بچے / بچی کے لئے سفارش کی ہے اور یہ کہ ESOL کی تعلیم کے بغیر میرے بچے / بچی کی اسکول میں کارکردگی متاثر ہو سکتی ہے۔

میں سمجھتا / سمجھتی ہوں کہ ESOL پروگرم والدین کو مفت فراہم کیا جاتا ہے اور یہ کہ یہ بچے / بچی کو باقاعدہ کلاس روم کے ماحول سے علیحدہ نہیں کرتا ہے۔ ESOL کے اساتذہ اور کلاس روم کے اساتذہ باہم مل کر کام کرتے ہیں تاکہ درجات کی سطح کے نصاب کو بہتر کیا جائے اور اضافی مدد فراہم کی جائے تاکہ طلبہ مضبوط انگریزی کی مہارتوں کو فروغ دے سکیں اور درجہ کی سطح کی مشمولات کو سیکھنے میں زیادہ بڑی کامیابی حاصل کر سکیں۔

میں یہ بھی سمجھتا / سمجھتی ہوں کہ وفاقی قانون مطالبہ کرتا ہے کہ میر ے بچہ / بچی کا سالانہ جائزہ لیا جائے تاکہ یہ طے کیا جا سکے کہ آیا وہ اب بھی ESOL کے لئے اہل ہے۔ یہ جائزہ تمام اہل طلبہ کے لئے ضروری ہے، خواہ والدین نے خدمات سے انکار کر دیا ہو، تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ طلبہ انگریزی میں پیش رفت جاری رکھتے ہیں۔ میں سمجھتا / سمجھتی ہوں کہ مجھے اپنے بچہ / بچی کے ایکسس فار ELLs® امتحان کے اسکورز اور ESOL کے لئے اہلیت کی حالت سے سالانہ مطلع کیا جائے گا یہاں تک کہ میرا بچہ انگریزی میں لیاقت حاصل کرلے، جیسا کہ یہ جائزہ طے کرتا ہے۔
میں سمجھتا / سمجھتی ہوں کہ میں کبھی بھی اس دستبرداری کو ختم کر سکتا / سکتی ہوں اور درخواست کر سکتا / سکتی ہوں کہ میرے بچے / بچی کو زبان سے متعلق وہ معاونت فراہم کی جائے جس کے لئے وہ اہل ہے۔ میں مزید سمجھتا / سمجھتی ہوں کہ یہ دستبرداری ایک اسکولی سال کے لئے درست ہے، اور اگر میں اس کے بعد کے اسکولی سالوں میں ان خدمات سے دستبرداری جاری رکھنے کا فیصلہ کرتا / کرتی ہوں تو مجھے لازما والدین کے لئے راست ESOL خدمات سے دستبرداری کا ایک نیا فارم پُر کرنا ہوگا۔

والد، والدہ/ سرپرست کے دستخط   تاریخ

ESOLاستاد کے دستخط   تاریخ

ایڈمنسٹریٹر کے دستخط   تاریخ